رفاقت جو بچھڑ گئی

یکم رجنوری تا 31/مارچ 2015 کی مدت میں درج ذیل ارکان جماعت اسلامی ہند حلقہ مہاراشٹراس دارِفانی سے کوچ کر گئے۔
انا للہ وانا الیہ راجعون ۔ اللہ تعالیٰ ان کی تحریکی جدوجہد کو شرفِ قبولیت بخشے اور انہیں جنت عطا فرمائے۔ آمین

مرحوم مراد خان صاحب، اچل پور

مورخہ 9/فروری 2015 (بروز پیر) رکنِ جماعت اچل پور محترم مرادخاں صاحب 67 سال کی عمر میں اِس دارِفانی سے کوچ کر گئے۔ لمبی بیماری کے صبر آزما مراحل سے بڑے ضبط وتحمل کے ساتھ گذرتے ہوئے وہ فریضۂ دعوت ادا کرتے رہے۔ ان کا تقرر پنچایت سمیتی چکھل درا میں اکسٹنشن آفیسر (ایجوکیشن) کی حیثیت سے ہوا تھا۔ 8 سال قبل وہ اپنی ملازمت سے سبکدوش ہوئے۔ اور اپنے آپ کو فریضۂ دعوت کے لیے وقف کر دیا۔ بلند حوصلہ، مستقل مزاجی، صاف گوئی، سادگی وانکساری آپ کے نمایاں اوصاف رہے ہیں۔ انہی اوصاف کے سبب شعبۂ دعوت کے مقامی ذمہ دار کی حیثیت سے گراں قدر خدمات تا دمِ آخر انجام دیں۔ برادرانِ وطن کے ایک وسیع حلقے میں وہ اسلام کے پیغام کو بحسن خوبی پہنچاتے رہے۔ وہ ایک سیدھے سادے نیک دل غریب کسان مرحوم حاجی محبوب خاں کے گھر پیدا ہوئے۔ غریبی کے ماحول میں پروان چڑھے۔ مسلسل تعلیم حاصل کرتے ہوئے بی۔اے کی ڈگری حاصل کی۔ دورانِ ملازمت ڈی۔ایڈ، اور پھر اورنگ آباد یونیورسٹی سے بی ایڈ کی ڈگری حاصل کی۔ اپنے بچوں کی تعلیم وتربیت کا بھی آپ نے بہت خیال رکھا۔ ان کا پورا خاندان تحریک سے وابستہ ہے۔ مرحوم اپنے پیچھے اپنے گھر میں روحِ تحریک کو رواں دواں چھوڑ گئے۔

مرحوم مولانا محمد لیاقت قاسمی صاحب، تھانہ

تھانہ کے رکن جماعت مولانا محمد لیاقت قاسمی صاحب 2/جنوری 2015 کو اپنے حقیقی رب سے جا ملے۔ آپ کا اصل وطن بیڑ تھا۔ یہیں آپ کی پیدائش اور ابتدائی تعلیم ہوئی۔ جامعہ کاشف العلوم اورنگ آباد سے فراغت کے بعد دارالعلوم دیوبند سے عالمیت کیا۔ غریبوں، محتاجوں، بے روزگاروں اور ضرورتمندوں کی خدمت آپ کی نمایاں صفت تھی۔ جماعت اسلامی ہند علاقہ کوکن کے معاون ناظم رہے۔ مخلص، ملنسار، بااخلاق اور فعال شخصیت کے مالک تھے۔ اتحادِ ملت آپ کی دلچسپی کا میدان تھا۔ جمیعتہ العلماء سے بھی ربط وضبط رہا۔ انتقال سے دیڑھ سال قبل گر جانے سے کولہے کی ہڈی ٹوٹ گئی تھی، آپریشن کے بعد بھی وہ چلنے پھرنے کے قابل نہیں ہو سکے تھے۔ پسماندگان میں بیوی کے علاوہ ایک بیٹا اور دو بیٹیاں ہیں۔

مرحوم شیخ شکیل احمد صاحب، میرا روڈ



میرا روڈ ممبئی کے رکن جماعت مرحوم شیخ شکیل احمد صاحب ان سے جو بھی ملتا متاثر ہوئے بغیر نہیں رہتا، اس دارِ فانی سے 7/فروری 2015 کو انتقال کر گئے۔ آپ 11/ستمبر 1954 کو پیدا ہوئے اور 1992 میں جماعت اسلامی ہند سے بطورِ رکن وابستہ ہو گئے اور آخری وقت تک اس کے رکن ہونے کا حق ادا کرتے رہے۔ ملنساری، اخلاص اور متانت آپ کی نمایاں صفات تھیں۔

وہ جو ہم سفر نہ رہ سکے......... جناب رفعت اللہ صاحب (اورنگ آباد)